آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد

سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ

<><><>

(ری ٹینڈر نوٹس)

محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے زیر انتظام نو تعمیر شدہ اور فرنیچر و فکسچر سے آراستہ کینٹین واقع احاطہ سول سیکرٹریٹ بالمقابل بلاک نمبر 04 چھتر دومیل، مظفر آباد کو چالو (Operational) کیے جانے کی خاطر مالی طور پر مستحکم اور کینٹین Hoteling/Catering سروسز میں کم از کم 5 سالہ تجربہ کی حامل خواہش مند فرمز/کنٹریکٹرز/ٹھیکیداران سے پیپرا رولز کے تحت "Single stage: Two Envelope Procedure" کی بنیاد پر تابع شرائط ذیل ٹھیکہ پر دیئے جانے کے لیے سر بمہر آفرز مطلوب ہیں جو مورخہ 2021-02-10 بوقت 11:00 بجے دن تک زیردستخطی کے دفتر بلاک نمبر 03 سول سیکرٹریٹ چھتر میں موصول ہونی چاہئیں جو اسی دن بوقت 11:30 بجے دن متعلقین/اتھورائزڈ نمائندگان کی موجودگی میں کمیٹی روم بلاک نمبر 2 میں بذریعہ تشکیل شدہ کمیٹی کھولی جائیں گی:۔

شرائط:۔

1) کامیاب بولی دہندہ فرم/ٹھیکیدار کو Hirer (محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن) کے ساتھ باقاعدہ Agreement کرنا ہو گا۔

2) ابتدائی عرصہ کنٹریکٹ دو سال کے لیے ہو گا (پہلا سال آزمائشی ہو گا)۔ جو تاریخ معائدہ سے موثر ہو گا۔ متذکرہ کنٹریکٹ عرصہ دو سال کے بعد مزید صرف عرصہ 01 سال کے لیئے قابل تجدید ہو گا۔ جس کی شرائط محکمہ سروسز و ٹھیکیدار باہم طے کرنے کے پابند ہوں گے۔ تاہم، عدم اتفاق کی صورت میں محکمہ سروسز کو نیا اشتہاد دینے کا اختیار حاصل ہو گا۔

3) کامیاب بڈرز کو متعین شدہ انراخ پر اشیاء خورد و نوش حفظان صحت کے معیار کے مطابق فراہم کرنا ہوں گی اور اس حوالہ سے مہیا کی جانے والی سروسز کو فوڈ کنٹرول اتھارٹی باقاعدہ مانیٹر کرے گی۔ غیر معیاری سروسز دینے کی صورت میں ٹھیکہ زر ضمانت بحق سرکار ضبطگی کے ساتھ ساتھ قابل منسوخی ہو گا۔

4) ٹھیکیدار فہرست اشیاء خورد و نوش کے انراخ کینٹین میں نمایاں جگہ پر آویزاں کرنے کا پابند ہو گا۔

5) ٹھیکیدار ہر ماہ کی 5 تاریخ کو کرایہ کینٹین تعین شدہ شرح کے مطابق ماہوار جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

6) ٹھیکیدار کو احاطہ کینٹین کی صفائی ستھرائی کا خاص انتظام کرنا ہو گا۔

7) ٹھیکیدار کو بلات پانی و بجلی از گرہ خود برداشت کرنا ہونگے۔

8) متعینہ اوقات کے بعد موصول ہونے والی آفرز زیر غور نہ لائی جائیں گی۔

9) ٹینڈر PPRA رولز کے قاعدہ 36 میں مندرج شرائط قانون و قواعد کے مطابق دینا ہو گا۔

10) کامیاب بولی دہندہ/فرم، کینٹین میں نصب شدہ فرنیچر و فکسچر کی ٹوٹ پھوٹ/نقصان کی صورت میں متذکرہ سامان اُسی کوالٹی کے مطابق replace کرنے کا پابند ہو گا۔

11) خواہشمند فرم ہا/ٹھیکدار بڈنگ ڈاکومنٹ بعوض مبلغ پانچ سو روپے (ناقابل واپسی) زیر دستخطی کے دفتر سے **مورخہ 2021-02-09 بوقت 04:00 بجے دن** تک دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کر سکتے ہیں۔ آفرز بڈنگ ڈاکومنٹ پر دی جانالازم ہو گی بصورت دیگر آفرز زیر غور نہیں لائی جائے گی۔

12) PPRA رولز کے قاعدہ 33 کے تحت مجاز اتھارٹی کو کوئی ایک یا جملہ بڈز منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہو گا۔

13) آفر کردہ پیش کش **120 ایام** کے لیے موثر ہو نگی۔

14) بلیک لسٹڈ فرمز/ٹھیکیداران بڈنگ میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔ نیز خواہشمند فرم ہا/ٹھیکداران اس نسبت بیان حلفی/سرٹیفکیٹ ہمراہ کوٹیشن جمع کروانے کے پابند ہونگے کہ وہ کسی بھی حکومتی ادارہ کی جانب سے بلیک لسٹڈ نہیں ہیں۔

15) متذکرہ اشتہار AJK PPRA کی ویب سائٹ **www.ajkppra.gov.pk** اور S&GAD کی ویب سائٹ **www.sngadajk.gok.pk** پر دستیاب ہے۔

13/01/21

سیکشن آفیسر سروسز (جنرل)

فون نمبر 05822-921974

موبائل نمبر 0345-9603166